**HABIBIA ISLAMICUS** (The International Journal of Arabic &Islamic Research) (Quarterly) Trilingual (Arabic, English, Urdu) ISSN:2664-4916 (P) 2664-4924 (E)
Home Page: http://habibiaislamicus.com
Approved by HEC in Y Category
Indexing: IRI (AIOU), Australian Islamic Library, ARI, ISI, SIS, Euro pub.
PUBLISHER HABIBIA RESEARCH ACADEMY
Project of **JAMIA HABIBIA INTERNATIONAL,** Reg. No: KAR No. 2287 Societies Registration Act XXI of 1860 Govt. of Sindh, Pakistan.
Website: www.habibia.edu.pk
This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License.




**TOPIC:**

# A STUDY BASED ON THE RESEARCH AND LITERARY EFFORTS OF PROF. MUHAMMAD ISHAQ MANSOOORI

# پروفیسر محمد اسحاق منصوری کی تحقیقی وادبی کاوشیں ایک مطالعہ

**AUTHORS:**

1. *Umair Rais Uddin, Doctor, Lecturer in Arabic, Sindh Madrasa-Tul-Islam University, Karachi Email: umair.rais@smiu.edu.pk Orcid ID: https://orcid.org/0000-0001-9948-13902*
2. *Dr. Muhammad Naeem Ashraf, Lecturer, National University of Modern Languages, Email: mnashraf@numl.edu.pk Orcid ID: Https://orcid.org/0000-0001-8349-5333*

**HOW TO CITE:** *Rais Uddin, Umair, and Muhammad Naeem Ashraf. 2021. "A STUDY BASED ON THE RESEARCH AND LITERARY EFFORTS OF PROF. MUHAMMAD ISHAQ MANSOOORI: پروفیسر محمد اسحاق منصوری کی تحقیقی وادبی کاوشیں ایک مطالعہ". Habibia Islamicus (The International Journal of Arabic and Islamic Research) 5 (3):139-60.*
*https://doi.org/10.47720/hi.2021.0503u10.*
*URL: http://habibiaislamicus.com/index.php/hirj/article/view/241*
Vol. 5, No.3 || April –June 2021 || P. 139-160
Published online: 2021-09-30

QR. Code

# A STUDY BASED ON THE RESEARCH AND LITERARY EFFORTS OF PROF. MUHAMMAD ISHAQ MANSOOORI

## پروفیسر محمد اسحاق منصوری کی تحقیقی وادبی کاوشیں ایک مطالعہ

*Umair Rais Uddin,　Muhammad Naeem Ashraf,*

***ABSTRACT***

*Prof. Dr. Muhammad Ishaq Mansoori is a prominent scholar of Arabic and Islamic studies who has played a vital role in the promotion of the Arabic language and literature in Pakistan. Dr. Mansoori is a great Islamic preacher, good writer, eloquent speaker, expert educationist, excellent researcher, good mentor, and reformer as well. He has always strived for the understanding of the holy Quran and the teaching of the Arabic language in Pakistan. He loves the Arabic language very much. He edited various textbooks to develop the expertise of the students in the Arabic language and understanding of the holy Quran. His sermons, speeches, lectures, articles, and scholarly writings published in the Urdu language are easy and simple. In this study, I have viewed his literary services. I have adopted the method of description, analytics, and historical criticism, which covers all the aspects.*

***KEYWORDS:*** *Arabic language, Preacher. Quran Fehmi. Literary services, Analytics*

**تعارف:** پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق میمن 26 مئی 1952ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد محترم حاجی محمد زکریا میمن اور والدہ حاجیانی مریم بائی داتی ہیں۔ آپ کے آباءواجداد کا تعلق کاٹھیاوار (گجرات، بھارت) کے قصبہ جیت پور سے ہے۔ آپ دینی وعلمی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نے پوری زندگی دعوتِ دین کی ترویج واشاعت، فکری ونظریاتی اور تعلیمی سرگرمیوں کو پروان چڑھانے میں صرف کردی اورالحمدللہ ابھی تک یہ سلسلہ جاری وساری ہے۔ڈاکٹر صاحب نے ابتدائی تعلیم منصورہ سندھ سے حاصل کی۔ آپ نے میٹرک اور انٹر شاہ ولی اللہ اورینٹل کالج سے مکمل کیا جہاں آپ کو حسنِ کارکردگی کے اعتراف میں گولڈ میڈل اور سلور میڈل سے نوازا گیا۔ آپ نے اسی کالج سے مولوی، عالم اور فاضل عربی کے امتحانات میں پوزیشن حاصل کی۔ دورانِ تعلیم ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ 1970ء میں منصورہ میں اُردو، عربی اور انگریزی زبان کے تقریری مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا جس میں آپ کو کئی انعامات سے نوازا گیا۔اس کے علاوہ فٹبال، ہاکی اور بیت بازی کے مقابلوں میں بھی سرفہرست رہے۔ 1972ء میں آپ نے جامعہ کراچی سے بی اے میں فرسٹ ڈویژن اور 1974ء میں ایم اے عربی فرسٹ ڈویژن سیکنڈ پوزیشن سے پاس کیا۔اس کے علاوہ ایم اے اسلامیات کی سند پنجاب یونیورسٹی سے حاصل کی۔ 1977ء میں آپ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔ تاہم شادی کے بعد بھی تعلیمی سلسلہ جاری رکھا۔ 1979ء میں عربی لسانیات میں عبور حاصل کرنے کی غرض سے سعودی عرب گئے، جہاں جامعہ ملک سعود، ریاض سے " **الدبلوم العالي في علم اللغة التطبيقي** "دوسال میں مکمل کیا۔

1997ء میں آپ نے پروفیسر ڈاکٹر جمیل احمد مرحوم کی زیر نگرانی پی ایچ ڈی کا تحقیقی مقالہ بعنوان "**عربی نثر کے رجحانات**" پیش کیا۔ آپ کے تحقیقی مقالہ کے بارے میں سندھ یونیورسٹی کے ایمیریٹس پروفیسر ڈاکٹر عبدالواحد ہالے پوٹو نے اپنے تاثرات میں اس پی ایچ ڈی کو عربی زبان وادب کی ترقی کی طرف ایک نیا قدم قرار دیا۔

**تدریسی خدمات:** ڈاکٹر صاحب نے تدریسی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز فیڈرل گورنمنٹ کالج اسلام آباد میں بطور لیکچرار شروع کیا۔ 1975ء-1983ء تک آپ کالج میں شعبہ عربی کے صدر رہے۔ 1983ء سے 1986ء تک بورنو کالج آف ایجوکیشن، نائجیریا میں بحیثیت صدر شعبہ عربی زبان وادب کی ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔نائجیریا سے واپس تشریف لانے کے بعد آپ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد میں بحیثیت ایسوسی ایٹ

پروفیسر مقرر ہوئے۔ آپ دوسال اسی عہدے پر فائز رہے۔1988ء میں جب آپ کا جامعہ کراچی میں بطور لیکچرار تقرر ہوا تو آپ اُس وقت انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی میں بحیثیت ایسوی ایٹ پروفیسر اپنی ذمہ داریاں نبھارہے تھے۔ تاہم والدین کی خواہش تھی کہ آپ ایسوی ایٹ پروفیسر کا عہدہ چھوڑ کر لیکچرار عربی کے عہدہ کو ترجیح دیں اور مستقل طور پر کراچی تشریف لے آئیں، آپ نے سر تسلیم خم کیا اور دنیاوی فوائد کے مقابلہ میں والدین کی رضامندی اور خواہش کو فوقیت دی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جامعہ کراچی میں بھی جلد ہی ترقیوں سے ہمکنار کر دیا اور آپ جامعہ کی اہم مشاورتی کمیٹیوں اور بورڈز کے ممبر بن گئے۔

مارچ 1988ء میں آپ کو اسسٹنٹ پروفیسر کے درجہ میں ترقی دے دی گئی۔ 1995ء میں آپ ایسوی ایٹ پروفیسر اور 2005ء سے آپ کامل پروفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہے۔ جولائی 2003ء سے جولائی 2006ء تک آپ شعبہ عربی کے صدر رہے۔ آپ تقریباً 24 سال شعبہ عربی میں تدریسی خدمات انجام دینے کے بعد جولائی 2012ء میں ریٹائرڈ ہوئے۔ آپ نے شعبہ کی بہتری وترقی کے لیے تعمیری کام کیے۔ طلبہ وطالبات کو عربی زبان وادب کو نئے رجحانات سے روشناس کروانے کے لیے آپ نے 1957ء سے رائج شدہ نصاب میں تبدیلی کی اور اُس کی جگہ گریجویٹ اور انڈر گریجویٹ کے طلبہ وطالبات کے لیے ایک نیا نصاب متعارف کروایا جو تاحال رائج ہے۔ ڈاکٹر منصوری عربی زبان وادب میں خاص شغف رکھتے ہیں۔ جدید عربی نثر آپ کا خاص موضوعِ بحث ہے۔ ادبیات میں جدت پسندی اور قدامت پسندی کے جو رجحانات پائے جاتے ہیں ان میں آپ کا مذہب: "**الحكمة ضالة المؤمن**" کی حکیمانہ روش اور "**خذ ما صفا ودع ما كدر**" کی مؤمنانہ فراست کے ساتھ باعثِ خیر کو قبول کرنا اور باعثِ شر کو رد کرنا ہے۔ آپ پاکستان میں قرآن فہمی اور عربی زبان کی درس وتدریس کے لیے ہمیشہ کوشاں رہے ہیں۔ آپ وزارتِ تعلیم کی طرف سے قومی سطح پر قائم کردہ نصاب سازی کمیٹی کے مستقل رکن رہے۔ آپ نے جدید عربی زبان اور اس کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جماعت ششم، جماعت ہفتم جماعت ہشتم کے لیے عربی نصاب متعارف کروایا۔ 1982ء میں حکومتِ پاکستان نے اس نصاب کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا فیصلہ کیا۔ اس کے علاوہ ابتدائی جماعتوں کے لئے عربی کورس بک پر مشتمل ایک "حرا عربی قاعدہ" ترتیب دیا۔ یہ قاعدہ "حرا نیشنل ایجوکیشن فاؤنڈیشن" لاہور، پاکستان کی طرف سے شائع کی گیا ہے۔ علاوہ ازیں وزارتِ تعلیم حکومت پاکستان کے تحت نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد کے زیرِ اہتمام 2014ء میں عربی نصابی کتاب بعنوان "**عربی چھٹی جماعت کے لیے**" شائع ہوئی۔ راقم الحروف کو بھی اس کتاب میں معاون مصنف کا اعزاز حاصل ہوا۔ تصنیفی خدمات میں ڈاکٹر صاحب کا سب سے اہم کارنامہ اسکول کے طلبہ وطالبات کے لیے تیار کردہ قرآنی نصاب ہے جو "**القرآن بحیثیت اسکول نصابی کتاب**" کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ آگے ان شاء اللہ ہم اس کتاب کا تعارف اور غرض وغایت تفصیل سے پیش کریں گے۔

ڈاکٹر صاحب نے اُمتِ مسلمہ کی فکری آبیاری و کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ آپ بنیادی طور پر شاہ ولی اللہ دہلویؒ، علامہ اقبالؒ، قائداعظمؒ اور سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی فکر سے متاثر ہیں۔ دینی واصلاحی ادب جو صالح معاشرہ کی تعمیر کی اساس ہے آپ کے مطالعہ وتدریس کا محور رہا ہے۔ آپ ایک بہترین اُستاد ومربی، ماہر تعلیم ودانشور، محقق، مبصر اور مدبرانہ صفات کے حامل انسان ہیں۔ اُمتِ مسلمہ کے احوال بالخصوص تعلیمی احوال کے بارے میں مستقل فکرمند رہتے ہیں۔ آپ نے سعودی عرب، ایران، نائیجیریا اور برطانیہ کے مطالعاتی دوروں کے دوران اُن کے تعلیمی نظام کا بغور مشاہدہ کیا جس نے آپ کے افکار ونظریات کو نئی راہ بخشی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ پاکستان کے تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے کی جانے والی ہر کاوش کا خیر مقدم کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دور حاضر میں جب وزارتِ تعلیم کی طرف سے یکساں نصابِ تعلیم کا مسودہ جاری کیا گیا تو آپ نے اس پر بھرپور تنقیدی مباحثہ کا اہتمام کیا اور شرکاء کی طرف سے حاصل کردہ سفارشات وتجاویز وممکنہ اقدامات کو مختلف اخبار وجرائد میں بیانات، تجزیوں اور

تبصروں کی صورت میں شائع کیا گیا۔ آپ میمنی، عربی اور اُردو زبان پر قدرت رکھتے ہیں۔ سندھی، گجراتی، پنجابی، فارسی اور انگریزی زبان بھی آپ کی دسترس میں ہیں۔

ڈاکٹر صاحب پاکستان ٹیلی ویژن پر خطبہ حج کا براہ راست عربی سے اُردو ترجمہ بڑے اہتمام سے کرتے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف چینلز پر نشر کیے جانے والے دینی پروگرامات میں بھی بطور مہمان شریک رہے ہیں۔ ریڈیو پاکستان کی طرف سے بھی کئی بار آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے حوالے سے گفتگو کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا رہا ہے۔ اسلام آباد سے شائع ہونے والے ایک مجلہ "اکیڈیمکا" میں آپ کا ایک مضمون بعنوان "اللغة العربية في باكستان بأن تكون لغة رسمية" شائع ہوا جس میں حکومت کو کئی تجاویز دی گئیں تھیں۔ اس کے بعد حکومتِ پاکستان نے پی ٹی وی پر روزانہ شام کو عربی زبان میں خبرنامہ نشر کرنے کا فیصلہ کیا۔

**اساتذہ:** آپ کے نمایاں اساتذہ میں سرفہرست پروفیسر سید محمد سلیمؒ ہیں۔ پروفیسر صاحب کی خاصیت یہ تھی کہ وہ 24 گھنٹوں کے اُستاد تھے۔ طلبہ کی کردار سازی اور فکری آبیاری میں ان کا اہم کردار تھا۔ پروفیسر سید محمد سلیم نے اپنی پوری زندگی اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے اور افراد سازی اور رجال کار کی تیاری میں صرف کر دی۔ آپ تاریخ اسلام اور تاریخِ عالم کا چلتا پھرتا انسائیکلوپیڈیا تھے۔ اُردو، عربی، فارسی اور انگریزی زبانوں کے ماہر تھے"۔[1] اسی طرح دوسری شفیق شخصیت اُستادِ محترم سید وصی مظہر ندوی صاحبؒ کی تھی جنھوں نے طلبہ میں عربی زبان وادب کی استعداد پیدا کرنے میں زندگی صرف کر دی۔ آپ فصیح عربی زبان کے اظہار پر مکمل دسترس رکھتے تھے۔ عربی ادب کی ادق سے ادق کتاب کی تدریس میں مولانا کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہ کرتے، دین پر استقامت، کردار کی پختگی، سادگی و قناعت کی اعلیٰ صفات آپ کی شخصیت کے روشن پہلو تھے۔"[2]

**اسی طرح مولانا پروفیسر امیر الدین مہر مرحوم (سابق مدیر جامعة العلوم الاسلامية، منصورہ، ومترجم سندھی تفہیم القرآن) کے بارے میں فرماتے ہیں:** "1964ء میں منصورہ ڈیپر میں پہلی مرتبہ مولانا صاحب کو دیکھا وہ مطب کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے ساتھ ساتھ تدریس کی ذمہ داریاں بھی بحسن وخوبی انجام دے رہے تھے مجھے ان سے ابتدائی عربی گرامر یعنی صرف ونحو پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔ مولانا اُس وقت بھی انتہائی نرم مزاج شفیق ومہربان اور انتہائی پیار ومحبت کے ساتھ پڑھایا کرتے تھے۔ پڑھائی کے بعد بھی پروفیسر صاحب کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ آپ بہترین انسان اور مسلمان تھے۔ آپ کی پوری زندگی سادگی، محنت اور اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے وقف رہی ہے۔ میں ہمیشہ ان سے رابطہ میں رہا اور زندگی کے مختلف معاملات میں میں اُن سے رہنمائی ومشاورت لیتا رہا ہوں"۔[3]

**اپنے ایک اور اُستاد پروفیسر ڈاکٹر سید محمد یوسف مرحوم** (علامہ عبدالعزیز میمنؒ کے شاگردِ خاص، سابق صدر شعبہ عربی، جامعہ کراچی، وصدر شعبہ اسلامیات، جاس یونیورسٹی، نائجیریا) **کے بارے میں فرماتے ہیں:** "1972ء سے 1974ء تک تقریباً دو سال شعبہ عربی جامعہ کراچی میں میرا تعلق پروفیسر ڈاکٹر سید محمد یوسفؒ سے رہا۔ آپ بہترین اُستاد تھے، نظم وضبط کو ملحوظ رکھتے تھے، آپ کی کلاس میں دیر سے آنے والے طلبہ وطالبات کا داخلہ ممنوع تھا۔ مضمون میں مہارت بالخصوص عربی شاعری بڑی دلجمعی سے پڑھاتے تھے۔ آپ کا منفرد طریقۂ تدریس تھا۔ پہلے عربی اشعار کی بلند خوانی کرتے پھر نئے الفاظ کی وضاحت کرتے اور پھر ہر شعر کی مکمل شرح کیا کرتے تھے۔ اشعار کی شرح میں اُردو شاعری سے استشہاد کرتے جس سے طلبہ وطالبات کا ذوق وشوق مزید بڑھ جاتا۔ کلاس میں سب سے زیادہ سوال میں پوچھتا تو ساتھی طلبہ کہتے کہ آپ امتحان میں پاس نہیں ہو سکیں گے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب کو میں نے ہمیشہ منصف ومقسط پایا۔ حتیٰ کہ جب شعبہ عربی میں اساتذہ کی اسامیاں آئیں تو میں نے بھی درخواست جمع کروا دی۔ انٹرویو

میں ڈاکٹر صاحب کو سامنے پایا تو گھبرا گیا۔ لیکن حسبِ عادت ڈاکٹر صاحب مرحوم نے عدل وانصاف اور اہلیت کو ملحوظ رکھا اور میں انٹرویو میں کامیاب ہوگیا۔ آپ عربی، اُردو اور انگریزی میں مہارت رکھتے تھے۔ جس کی شاہد آپ کی تصنیفات ہیں"۔(4)

اس کے علاوہ آپ کے دیگر اساتذہ کرام میں مولانا جان محمد بھٹو مرحوم (متوفی ستمبر 1982ء، آپ نے سب سے پہلے تفہیم القرآن کے سندھی ترجمہ کا آغاز کیا اور تقریباً آٹھ پارے مکمل کر کے خالق حقیقی سے جاملے)، مولانا غلام سرور بھٹو مرحوم (متوفی نومبر 2006ء، سابق جنرل سیکریٹری، جامعۃ العلوم الاسلامیۃ، منصورہ)، مولانا شیخ الحدیث آغا محمد مدظلہ (مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے شاگرد خاص ومہتم جامعۃ العلوم الاسلامیۃ، منصورہ)، محترم طالب صاحب، ومحترم صالح محمد صاحب، قاضی عمادالدین صاحب، مولانا علی محمد کاکیپوٹہ مرحوم (متوفی مارچ 1968ء، آپ سندھی، عربی، اُردو کے جید عالم اور قدیم فلسفہ وادب کے ماہر تھے۔ آپ فلسفہ میں علامہ اقبالؒ کے بھی اُستاد رہے ہیں، حضرت مولانا ولی حسن ٹونکی مرحوم (سابق مفتی اعظم پاکستان وشیخ الحدیث، جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی)، مفتی خلیل اللہ ربانی مرحوم (مولانا عبید اللہ سندھیؒ کے شاگرد اور بانی جامعۃ الرشید حضرت مولانا عبد الرشید مرحوم کے اُستاد اور بڑے بھائی ہیں)، مولانا رفیق نثار مرحوم، پروفیسر ڈاکٹر جمیل احمد مرحوم (متوفی جولائی 1995ء، سابق صدر شعبہ عربی، جامعہ کراچی ومدیر جامعہ الدراسات الاسلامیہ)، ڈاکٹر حبیب الحق ندوی (متوفی فروری 1998ء، سابق اُستاد شعبہ عربی، جامعہ کراچی، آپ مزید تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے امریکہ منتقل ہوگئے جہاں آپ نے ہارورڈ یونیورسٹی، امریکہ سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی)، پروفیسر مولانا عبد الرشید ارشد مرحوم (سابق صدر شعبہ عربی زبان وادب کراچی یونیورسٹی، مؤسس ومدیر ماہنامہ الرشید)، پروفیسر ڈاکٹر عبد الشہید نعمانی صاحب (سابق ڈائریکٹر شیخ زید اسلامک سینٹر، کراچی، ڈین فیکلٹی آف آرٹس، وصدر شعبہ عربی زبان وادب کراچی یونیورسٹی)، پروفیسر پاشا صاحب اور پروفیسر ڈاکٹر محمود اسماعیل الصینی (پروفیسر علم اللغۃ، جامعہ ملک سعود، ریاض، سعودی عربیہ) شامل ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا پروفیسر جمیل احمد مرحوم صاحب سے بھی خصوصی تعلق رہا۔ آپ نے اُن کے بارے میں اپنے شاگرد محمد اسماعیل سے ایک مضمون لکھوا کر شائع کیا۔ پروفیسر صاحب کو علامہ عبد العزیز میمن مرحوم سے شرفِ تلمذ حاصل تھا۔ ڈاکٹر صاحب بہادر آباد میں اُن کے گھر پر کافی وقت گزارتے رہے اور اُن سے فیضیاب ہوتے رہے۔

**تلامذہ:** ڈاکٹر صاحبؒ اپنے اساتذہ کی طرح اپنے شاگردوں سے بھی بہت محبت کرتے ہیں ہمیشہ اُن کی حوصلہ افزائی کرتے اُن کے تعلیمی مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ شعبہ عربی، جامعہ کراچی میں آپ طلبہ وطالبات کو عربی ادب بالخصوص نثر پڑھاتے تھے۔ آپ کا طریقہ تدریس یہ تھا کہ آپ جو بھی عربی عبارت پڑھاتے اُس میں اعراب کا خاص خیال رکھتے اور طلبہ وطالبات سے بھی مختلف عبارات پر اعراب لگوانے کی مشق کرواتے تھے۔ نثر کی تمام جملہ اصناف کا تفصیلی تعارف کروانے کے بعد طلبہ کو مختلف قصوں وکہانیوں، ناول اور افسانوں کا فنی تجزیہ پیش کرنے کا کام تفویض کرتے۔ اسی طرح آپ نے طلبہ وطالبات کے اندر ترجمہ نگاری کی صلاحیت پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ آپ طلبہ وطالبات سے عربی–اُردو، اُردو–عربی۔ انگریزی–اُردو میں مقالات، کہانیوں اور افسانوں کا ترجمہ کرواتے، پھر کلاس میں اُن سے سنتے، غلطیوں کی نشاندہی کرتے اور پھر ساتھ ہی اُس کی تصحیح بھی کرواتے تھے۔ آپ اپنے طلبہ کی کامیابیوں پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب قومی اور بین الاقوامی سطح پر شعبہ عربی اور سوشل سائنسز سے شائع ہونے والے تحقیقی مجلہ جات کے ادارتی بورڈز کے تاحال رکن ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان مجلس تحقیق برائے معاشرتی علوم کے تحت شائع ہونے والا مجلہ تحقیق معاشرتی علوم اور تحقیقی مجلہ **"معارف"** کے سابق مدیر رہے ہیں۔ آپ نے ہمیشہ اپنے تمام طلبہ وطالبات اور نئے محققین کو خوش آمدید کہا جو اپنے تحقیقی سفر کا آغاز کرنا چاہتے تھے آپ اُن کی بھرپور رہنمائی کرتے، اُن کو تحقیقی مقالہ کے لوازمات سے آگاہ کرتے،

اُن کے مقالہ جات کی اصلاح کرواتے اور پھر اُن کی حوصلہ افزائی کے لیے اُن کے مقالہ جات کو شائع کرنے کا اہتمام کرواتے تھے۔ آپ کی زیر نگرانی کئی طلبہ وطالبات نے ایم فل اور پی ایچ ڈی مکمل کیا۔ آپ کے شاگرد اس وقت ملکی جامعات میں اعلیٰ تدریسی مناصب پر فائز ہیں۔ ہم یہاں صرف چند نمایاں شاگردوں کا ذکر کر رہے ہیں۔

1- **پروفیسر شہناز غازی**،(ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگ، جامعہ کراچی)

2- **سیدہ زینب فاطمہ** (صدر شعبہ عربی، جامعہ کراچی)

3- **ڈاکٹر عاصف سلیم**، اسسٹنٹ پروفیسر (شعبہ عربی، جامعہ کراچی)

4- **ڈاکٹر محمد عمران لطیف**، اسسٹنٹ پروفیسر (شعبہ عربی، جامعہ کراچی)

5- **ڈاکٹر محمد عبدالحمید نبیل**، اسسٹنٹ پروفیسر (شعبہ عربی، جامعہ کراچی)

6- **ڈاکٹر محمد فیض الابرار**، اسسٹنٹ پروفیسر (شعبہ عربی، جامعہ کراچی)

7- **ڈاکٹر عبدالرحمن یوسف**، اسسٹنٹ پروفیسر (سابق صدر شعبہ عربی، جامعہ وفاقی اُردو، کراچی)

8- **ڈاکٹر شہزاد چنہ**، اسسٹنٹ پروفیسر، (دعوہ اکیڈمی، کراچی، آپ نے پروفیسر سید محمد سلیم مرحوم کی زیر نگرانی پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا)

9- **ڈاکٹر سنبل انصار**، اسسٹنٹ پروفیسر، (جامعہ سندھ مدرستہ الاسلام، کراچی)

10- **مولانا محمد اسمعیل دیروی** (علامہ عبدالعزیز میمن مرحوم پر عربی میں مقالہ لکھ کر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی)

11- **ڈاکٹر محمد جمیل بندھانی**،(سابق ڈین اسلامک اسٹڈیزوایجوکیشن، جامعہ میٹروپولیٹن، وڈائریکٹر، شعبہ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ وفاقی اُردو، کراچی)

12- **ڈاکٹر عمیر رئیس الدین**، لیکچرار (جامعہ سندھ مدرستہ الاسلام، کراچی)

13- **ڈاکٹر محمد نعیم اشرف**، لیکچرار (شعبہ عربی، جامعہ نمل، اسلام آباد)

14- **عبداللہ محمد یوسف خان**، لیکچرار (شعبہ عربی، جامعہ کراچی)

15- **عبدالرحمن صدیقی** (معروف عربی مترجم، العربیہ اُردو نیوز)

**دینی وادبی خدمات کا جائزہ:** ڈاکٹر صاحب کی دینی وادبی خدمات یوں تو ایک مفصل کتاب کا تقاضا کرتی ہیں۔ مگر اس مقالہ میں ہم اُن کی عظیم الشان علمی خدمات کو بطور نمونہ اختصار کے ساتھ پیش کریں گے۔ ڈاکٹر صاحب کی تصانیف ومقالات کو ہم مندرجہ ذیل حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں:

1. کتب
2. تحقیقی مقالات
3. مضامین
4. تراجم

**کتب:** ذیل میں ہم ڈاکٹر صاحب کی عربی کتاب کا مختصر تعارف پیش کر رہے ہیں:

**عربی چھٹی جماعت کے لیے:** 127 صفحات پر مشتمل یہ نصابی کتاب چھٹی جماعت کے طلبہ وطالبات کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ جس کو نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد نے 2014ء میں پہلی بار 5000 کی تعداد میں شائع کیا۔ اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں پاکستانی طلبہ وطالبات کو عربی زبان

سکھانے کے لیے براہ راست طریقہ کار(DIRECT MEHTOD) استعمال کیا گیاہے۔ زبان سیکھنے کی چاروں مہارتوں(سننا، بولنا، پڑھنااور لکھنا) پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ عربی قواعد جو عموماً طلبہ وطالبات کے لیے مشکلات اور اُلجھاؤ کا باعث بنتے ہیں اُنہیں انتہائی سلیقہ کے ساتھ اطلاقی انداز(APPLIED METHOD) میں پیش کیا گیاہے۔ قواعد کی اصطلاحات سے اجتناب کیا گیاہے، تاہم اساتذہ کی رہنمائی کے لیے ہر سبق کے اختتام پر قواعد کی سرگرمیاں ذکر کی گئیں ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کتاب کی تدریس کے طریقہ کار اور اس کی غرض وغایت کے بارے میں لکھتے ہیں:

"اس کتاب کی تالیف کے دوران براہ راست عربی زبان سکھانے کا طریقہ اختیار کیا گیاہے۔ اساتذہ کرام طلبہ وطالبات کو یہ کتاب اسی طریقہ کار کے مطابق پڑھائیں۔ گرامر اور قواعد صرف ونحو اطلاقی انداز میں سکھائے گئے ہیں۔ علم لغت کی رو سے زبان وہی ہے جو زبان پر رواں ہو جائے۔ زبان ایک عادت ہے فلسفہ نہیں ہے اس لیے اسے پوری کوشش کے ساتھ زبان پر رواں کیا جائے۔ زبان کو رواں کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اسے بار بار دہرایا جائے اس لیے اساتذہ کرام سے درخواست ہے کہ کسی بھی سبق کو پڑھاتے وقت طلبہ کو سبق بار بار دہرانے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ تجربے اور مشاہدے سے ثابت ہے کہ بچوں کو سبق کے متن کا ترجمہ اور گرامر پڑھادینے سے طلبہ وہ زبان بولنے، لکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت حاصل نہیں کرسکتے اس لیے زبان کی زیادہ سے زیادہ مشق کرائی جائے"۔[5]

ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب میں شامل اسباق کے ذریعہ عربی زبان میں پاکستانی ثقافت کو اُجاگر کرنے کی بھی بھرپور کوشش کی ہے۔ یہ رجحان عام طور پر عربی کتب میں موجود نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر درج ذیل اسباق "باكستان الجمهورية الإسلامية (اسلامی جمہوریہ پاکستان)، حديقة شالامار(شالیمار باغ)، إسلام آباد عاصمة باكستان(پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد)، الحياة الريفية في باكستان(پاکستان میں دیہاتی زندگی)، ممر خيبر (خیبر پاس)، العلامة محمد اقبال.(رحمہ اللہ) ان تمام اسباق میں ڈاکٹر صاحب نے آسان اور دلچسپ انداز میں طلبہ کو عربی زبان میں پاکستان کے اہم سیاحتی مقامات کی سیر کروائی ہے اسی طرح شاعرِ مشرق حضرت علامہ محمد اقبالؒ اور خواجہ معین الدین چشتیؒ کی شخصیات کا بھی تعارف کروایا ہے۔

1- **القرآن بحیثیت اسکول نصابی کتاب:** یہ کتاب پانچ اجزاء پر مشتمل ہے۔ پہلا جز چھٹی جماعت اور مساوی تعلیمی سطح کے طلبہ وطالبات کے لیے ترتیب دیا گیاہے۔ اس حصہ میں سورۃ الفاتحہ سے سورۃ المزمل تک ترتیب سے سورتیں دی گئی ہیں۔ اور پھر طلبہ وطالبات کی ذہنی سطح کو ملحوظ رکھتے ہوئے ترتیب بدل دی گئی ہے، پھر سورۃ ابراہیم سے سورۃ الکھف تک کی سورتیں شامل کردی گئیں ہیں۔ اس حصہ میں کل سورتوں کی تعداد48 ہے ۔دوسرا حصہ ساتویں جماعت اور مساوی تعلیمی سطح کے لیے ہے۔ اس کا آغاز سورۃ مریم سے ہوتا ہے پھر بالترتیب سورۃ ص تک کی سورتیں درج ہیں۔ کل سورتوں کی تعداد20 ہے۔ تیسرا حصہ آٹھویں جماعت اور مساوی تعلیمی سطح کے لیے ہے۔ یہ سورۃ الزمر سے شروع ہوتا ہے جس کا اختتام سورۃ الجن پر ہوتاہے۔ کل سورتوں کی تعداد34 ہے۔ چوتھا حصہ نویں جماعت اور مساوی تعلیمی سطح کے لیے ہے اس میں سات سورتیں شامل کی گئیں ہیں جس کی ترتیب سورۃ الاعراف سے سورۃ الرعد تک ہے۔ البتہ کتاب کا آغاز سورۃ الرعد سے کیا گیاہے۔ پانچویں اور آخری حصہ میں سورۃ الفاتحہ سے سورۃ الانعام تک کی سورتیں شامل ہیں۔ یہ حصہ دسویں جماعت اور مساوی تعلیمی سطح کے لیے مرتب کیا گیاہے۔ کتاب کے ہر حصہ میں قرآنی آیات کے متن کے ساتھ آسان اُردو ترجمہ اور طلبہ وطالبات اور قارئین کے علمی اور ذہنی معیار کے مطابق سوالات ترتیب دیئے گئے ہیں۔ اس کتاب کا بنیادی مقصد قرآن فہمی ہے۔ جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے خود اس کی وضاحت کی ہے:"القرآن بحیثیت اسکول نصابی کتاب کا مقصد طلبہ وطالبات کو آسان ترین طریقے سے قرآن مجید کی تعلیمات سے آگاہ کرنا ہے"۔[6]

ہمارے مروجہ تعلیمی نظام میں آسان اور سلیس زبان میں طلبہ وطالبات کو قرآن مجید سمجھنے اور سمجھانے کے لیے باقاعدہ کوئی نصاب مقرر نہیں۔ یہ کتاب اسی خلا کو پورا کرنے کے لیے ایک بھرپور و مستحسن کاوش ہے۔ ڈاکٹر صاحب اُمتِ مسلمہ بالخصوص نوجوان طلبہ وطالبات کی تعلیمی وفکری سرگرمیوں کے حوالے سے کافی مضطرب رہتے ہیں۔ طلبہ وطالبات کی صحیح اسلامی اقدار پر تربیت کرنا، قرآنی تعلیمات سے جوڑنا، اور ان میں یہ شعور پیدا کرنا کہ قرآن آسان ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کتاب کو سب کے لیے نازل کیا ہے، وقت کی اشد ضرورت ہے۔

**ڈاکٹر صاحب اسی نکتہ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:** "جب مسلمانوں کا زوال شروع ہوا تو معاشرے میں قرآن کو سمجھنے اور سمجھانے والے دن بدن کم ہوتے گئے۔ اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں سے پڑھ کر جو طلبہ وطالبات فارغ التحصیل ہو رہے ہیں اُن میں ایک فیصد بھی ایسے نہیں جنہیں اس پورے تعلیمی عمل کے عرصے میں ایک بار بھی قرآن مجید کا صرف ترجمہ پڑھایا گیا ہو۔

جبکہ قرآن مجید آسان کتاب ہے۔ سورۃ القمر آیت نمبر 17، 22، 32، 40 میں کہا گیا ہے کہ (ترجمہ): ”ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنایا ہے، تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟“ اسی طرح سورۃ ابراہیم آیت نمبر 52 میں فرمایا گیا (ترجمہ): ”یہ قرآن ایک پیغام ہے سب انسانوں کے لیے، تاکہ انہیں اس کے ذریعے خبردار کیا جائے“۔ (7)

**ڈاکٹر صاحب مزید لکھتے ہیں:** "قرآن کریم کے سہل ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اس کی تعلیمات آسان ہیں، ان پر عمل کرنا بھی آسان ہے، کیونکہ قرآن کریم کی راہ اصل فطرت کی راہ ہے۔ مثلاً اللہ ایک ہے، نماز پڑھو، روزہ رکھو، حج کرو، والدین اور اعزہ واقرباء کے ساتھ احسان وکرم کا معاملہ کرو، شراب وزنا سے بچو، وعدہ وفا کرو، بنی نوعِ انسان کے ساتھ ہمدردی سے پیش آؤ، کسی بھی انسان کو ناحق قتل نہ کرو، رشوت اور لوٹ مار سے حاصل کیا گیا پیسہ حرام ہے... یہ وہ احکام ہیں جنہیں ایک عربی دان جس طرح سمجھ سکتا ہے ایک غیر عربی دان بھی اُردو یا کسی بھی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکتا ہے"۔ (8)

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی نگاہِ بصیرت افروز نے بھانپ لیا تھا کہ عام مسلمانوں کو قرآن مجید سے جوڑے بغیر حقیقی دین داری پیدا نہیں ہوسکتی، اس لیے اُس وقت کے برصغیر کی عوامی زبان فارسی میں ترجمہ کیا جس کا نام ”فتح الرحمٰن فی ترجمۃ القرآن“ رکھا، اس کے مقدمے میں شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ: ”یہ کتاب (قرآن مجید) بچپن ہی میں پڑھا دینی چاہیے تاکہ سب سے پہلے بچوں کے ذہن میں جو چیز آئے وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے مطالب ہوں"۔ (9)

اسی تناظر میں پروفیسر صاحب نے طلبہ وطالبات اور عام لوگوں کے لیے نصابی انداز میں ’القرآن“ کو مرتب کیا ہے۔ ہر کتاب میں اساتذہ کی رہنمائی کے لیے مقصدِ تدریس، طریقہ تدریس، طریقہ امتحان اور نمونہ امتحان بھی درج کیا ہے۔ تاکہ بہتر سے بہتر نتائج حاصل ہوسکیں۔

**مبصر ماہنامہ ”ترجمان القرآن“ محترم ارشاد الرحمٰن صاحب لکھتے ہیں:** ”اسی احساس کے تحت ایک عملی تدریسی منصوبے کی غرض سے مرتب کی گئی ہے، متن وترجمہ قرآن آمنے سامنے درج کرنے کے بعد نصابی کتب کے طریقے کے مطابق مشقیں دی گئی ہیں، جن میں مختلف نوعیت کے سوالات ہیں۔ مشقوں کی تیاری اور ترتیب میں بہت محنت کی گئی ہے، تحریری اور زبانی امتحان کے ماڈل پیپر بھی دیئے گئے ہیں۔ گویا طریقہ تدریس کے تمام کتابی لوازمات مکمل طور پر فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مصنف نے قرآن کو نصابی کتاب کے طور پر پیش کرنے کی قابلِ قدر سعی فرمائی ہے“۔ (10) "تمام اجزاء میں متنِ قرآن رموز واوقاف کے ساتھ دیا گیا ہے، فصیح رواں اُردو ترجمے میں آیات نمبر ڈالنے کا اہتمام کیا گیا ہے تاکہ طلبہ وطالبات کے لیے آسانی ہو۔ اس کتاب کے حصہ اول کا سندھی ترجمہ ہوچکا ہے جو محترم انجینئر عبدالمالک میمن (کوٹری) نے خوب کیا ہے۔ کتاب پر

نظر ثانی پروفیسر ڈاکٹر وقار احمد زبیری، محمد یوسف زکریا اور فیض احمد فیض (ڈائریکٹر الفاروق گروپ) نے فرمائی۔ حافظ غلام مجتبیٰ بھٹو نے زیورِ کتابت سے آراستہ کیا"۔[11]

**عربی مقالات:** ڈاکٹر صاحب کے تحقیقی وادبی مقالات ملکی وبین الاقوامی مجلات اور رسائل میں چھپ چکے ہیں۔ جن میں سرفہرست عربی مجلہ "**المجمع العلمي الهندي**"، "**تاریخ العرب والعالم**" اوراُردو مجلہ "فکر و نظر" ہیں۔ آپ نے عربی کے تمام مقالات کو یکجا کرکے اسے "**قطوف**" کا نام دیا ہے جو زیر طبع ہے۔ ہم یہاں عربی مقالات کا ذکر کررہے ہیں:

1. الإتجاهات الحديثة في الآداب العربية [12]
2. تطور القصة العربية وأثرها على تطور القصة الغربية [13]
3. تطور الرواية الحديثة ودعاء كروان لطه حسين [14]
4. دكتور طه حسين: حياته ومنهاجه الفكري والأدبي[15]
5. رائد الرواية الحديثة في الآداب العربية محمد بن ابراهيم المويلحي[16]

**اُردو مقالات:**

1. عربی ادب کے تعلیمی ناول[17]
2. ڈاکٹر طہٰ حسین فکر و فن کے آئینے میں[18]
3. توبۃ النصوح اور حدیث عیسیٰ بن ہشام کا تقابلی مطالعہ[19]
4. شریعت کی تعبیر اور اجتہاد بیسویں صدی میں[20]
5. جدید عربی صحافت اور مقالہ نگاری کا ارتقا[21]
6. جدید عربی ادبیات میں ناول نگاری کا بانی محمد المویلحی۔۔ فکر و فن کے آئینے میں[22]
7. جدید عربی ادب: فکر و فن کے آئینے میں[23]
8. منفلوطی کے افسانوں اور مقالات کا مطالعہ[24]
9. میمن کب مشرف بہ اسلام ہوئے؟[25]
10. سحر کی حقیقت: قرآن وحدیث کی روشنی میں[26]
11. حقوق مصطفیٰ ﷺ کے تقاضے اور ہماری تعلیمی زندگی: پاکستان میں ابتدائی تعلیم کا ایک جائزہ[27]
12. تحقیق کیا ہے؟ نئے محققین کے نام (اداریہ)[28]
13. قرآن مجید اور پاکستان کا نصابِ تعلیم (اداریہ)[29]
14. اسلامی قانون میں ریاست اور فرد کے حقوق وفرائض[30]
15. تشدد وانتہاپسندی کے خاتمہ کے لیے اسلامی جامعات کا کردار: ایک جائزہ[31]
16. عربی ادب کا ماضی اور مستقبل[32]

**مضامین:**

1. فضیلت علم [33]
2. اربعین بخاری [34]
3. تدریسِ ترجمہ قرآن [35]
4. ہمارا نظامِ تعلیم "پاکستان نظامِ تعلیم [36]
5. مغربی تہذیب اور اقبال [37]
6. معاشی عدمِ تحفظ: خواتین کا ایک مسئلہ [38]
7. تحقیقی مضامین کے چند لوازم [39]
8. مطالعہ اور امتحان کی چند رہنما اصول [40]
9. طہٰ حسین کی فکری اساس [41]
10. ادب کیا ہے؟ [42]
11. سید ابو الاعلیٰؒ مودودی-صدی کے مجدد [43]
12. پیراڈائز کا سٹاپ (افسانہ) [44]
13. جزوی اسلام کے نفاذ کی درخواست کیوں؟ نقطہ نظر [45]
14. عیادت کے آداب

**اُردو تراجم:**

1- مرچی (نوبل انعام یافتہ مصری ادیب نجیب محفوظ کا افسانہ) [46]

2- بہن کے نام خط [47]

3- کتاب البخلاء پر تحقیقی کام [48]

4- دوسرا انعام (کہانی) [49]

5- جدائی (کہانی) [50]

6- ڈاکٹر کی بیماری [51]

7- فنکار کی زندگی [52]

8- مصور [53]

9- رُوح کی خوشیاں [54]

10- انسان کی کہانی [55]

11- "خلیج کی ریاستیں (گلف اسٹیٹس) [56]

12- مصر میں عربی زبان کی تدریس[57]

13- اسلام میں فرد اور ریاست کے حقوق و فرائض

اس کے علاوہ بہت سے تراجم ترجمان القرآن کے حسن البناء شہید نمبر مئی 2007ء میں چھپے ہیں۔

**تعارف و تبصرۂ کتب:**

1. رکو، کہ رولیں[58]
2. جدید و قدیم عربی ادبیات میں تنقید[59]
3. جو دیکھا، لکھا[60]
4. جہدِ مسلسل، (آپ بیتی)[61]
5. اسلام اور ذات پات[62]
6. عورت، مغرب اور اسلام[63]
7. میرے روز و شب[64]
8. مولانا عبد الغنی آزاد کشمیری کی حیات[65]
9. بنیادی حقوقِ انسانی[66]
10. استحصال اور جارحیت[67]
11. تعمیر معاشرہ میں مسجد کا کردار[68]
12. شخصیات: (وادئ مہران کی علمی و دعوتی شخصیات)[69]
13. احکامِ طلاق[70]
14. اسلام، انسانی حقوق کا پاسبان[71]
15. تربیت گاہ "ڈیپر" ایک استاد کی ڈائری (بزبان سندھی مع انگریزی ترجمہ)[72]
16. یونس رمز کی نعتیہ شاعری[73]

**ڈاکٹر صاحب کی تحریروں کا اسلوب:** ڈاکٹر صاحب زمانہ طالب علمی سے ہی تقریر و تحریر میں ملکہ رکھتے ہیں۔ عربی و اُردو دونوں زبانوں میں آپ نے قلمی نگارشات پیش کی ہیں۔ عربی ادبیات میں آپ نے جدید نثری رجحانات کو موضوعِ بحث بنایا ہے۔ آپ کے عربی مقالات ملکی و بین الاقوامی عربی مجلات میں شائع ہوئے ہیں جن کی تفصیل ان شاء اللہ ہم آگے ذکر کریں گے۔ اسی طرح اُردو ادبیات میں آپ دینی، تعلیمی، اصلاحی، سماجی، معاشرتی، اخلاقی وادبی موضوعات پر سیر حاصل بحث کرتے ہیں۔ قلم و قرطاس سے آپ کا رشتہ آج بھی مضبوط و توانا ہے۔ ڈاکٹر صاحب اپنی تحریروں میں قارئین کی ذہنی سطح کو ملحوظِ خاطر رکھنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ ایک ادیب کے اسلوب میں تنوع ہونا لازمی امر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کا اسلوب بھی موضوعات کے لحاظ سے بدلتا رہتا ہے۔ تحقیقی مقالات میں آپ علمی و مدلل اسلوب اختیار کرتے ہیں۔ ادبی مقالات میں آپ عام سادہ اور لطیف انداز میں قارئین تک مقصدِ تحریر کی تبلیغ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ تعلیمی مضامین میں آپ ایک ماہر تعلیم اور دانشور کی طرح جدید دور کے تقاضوں کو

مد نظر رکھتے ہوئے ماہرانہ رائے پیش کرتے ہیں۔ اصلاحی، سماجی، معاشرتی اور اخلاقی مضامین میں آپ کتاب و سنت کے حامل و متبع مصنف ہیں۔ آپ حضرت علامہ اقبالؒ کی شاعری سے متاثر ہیں۔ مغربی و استعماری صنعتی حملوں اور یلغار کے انسانی فکر و ادب پر جو گہرے اثرات مرتب ہوئے ہیں ان کا خوبصورت ادبی انداز میں تجزیہ پیش کرتے ہیں۔ آپ نے اپنی تحریروں میں کثرت سے علامہ اقبال کے اشعار ذکر کیے ہیں جو آپ کے شعری ذوق کی دلیل ہے۔

ہم یہاں ڈاکٹر صاحب کی تحریروں سے چند اقتباسات بطور نمونہ پیش کر رہے ہیں:

**جدید عربی ادبیات میں ناول نگاری کے بانی محمد المویلحی کے طرزِ تحریر کے بارے لکھتے ہیں:** "وہ دور جس میں محمد المویلحی نے حدیث عیسیٰ بن ہشام لکھنا شروع کی، صنائع بدائع کی لفظی جکڑ بندیوں سے مکمل آزاد نہیں ہو سکا تھا۔ بلکہ ادیب اسی کو سمجھا جاتا تھا، جو اپنی فصاحت و بلاغت اور انشا پردازی میں لفظی صنائع بدائع کے مصنوعی زیورات سے آنکھوں کو خیرہ کرنے کی کوشش کرتا تھابقول علامہ اقبالؒ:

ے نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیبِ حاضر کی
یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

**مغربی دنیا کے صنعتی انقلاب پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک مضمون "جدید عربی ادب: فکر و فن کے آئینے میں" لکھتے ہیں:** "کیا حقیقت یہ ہے کہ مغربی صنعتی اور استعماری غلبے کے نتیجے میں مفتوحہ اقوام کے ادب و ثقافت پر صرف اچھے اثرات ہی مرتب ہوئے یا حقیقت اس کے برعکس ہے، بقول علامہ اقبالؒ:

ے تھا جو 'ناخُوب'، بتدریج وہی 'خُوب' ہُوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

ے شیاطین ملوکیت کی آنکھوں میں ہے وہ جادو
کہ خود نخچیر کے دل میں ہو پیدا ذوقِ نخچیری

**پروفیسر محمد یوسف زکریا صاحب کی تصنیف "جہدِ مسلسل" (آپ بیتی) پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:** مجھے تو جہدِ مسلسل (آپ بیتی) پڑھ کر ایسا لگا، اسد اللہ خان غالب سے معذرت کے ساتھ:

ے دیکھنا تحریر کی لذت کو جو اُس نے لکھا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں تھا

**پروفیسر ڈاکٹر مظہر معین کی کتاب "اسلام اور ذات پات" پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: چوتھے باب میں اقوال اکابر اُمت بسلسلہ ذات پات پیش کیے ہیں جن کا خلاصہ یہ شعر ہے، بقول اقبال:**

ے بُتانِ رنگ و خُوں کو توڑ کر مِلّت میں گُم ہو جا
نہ تُورانی رہے باقی، نہ ایرانی نہ افغانی

